ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

الیف آئی آرز کے اندراج میں عذر یا پس وپیش سے کام نہ لیا جائے۔آئی جی سندھ

آئی جی سندھ کی زیرِ صدارت امن وامان کے حوالے سے اجلاس۔

کراچی 11مارچ 2021ء:۔

آئی جی سندھ نے ایڈیشنل آئی جی کراچی کو ہدایات دیں کہ جب تک متعلقہ اداروں بشمول لینڈ، ریونیو ڈپارٹمنٹ وغیرہ یا ڈپٹی/اسسٹنٹ کمشنرز کی جانب سے نمائندگان کی موجودگی یا سفارشات موصول نہ ہوں کسی بھی قسم کے قبضہ یا اراضی واگذاری جیسے پولیس اقدامات ہرگز نہ اُٹھائے جائیں مزید یہ کہ اس ضمن میں تمام متعلقہ اداروں کو باقاعدہ مکتوب بھی ارسال کیئے جائیں۔یہ ہدایات انہوں نے زون ویسٹ میں امن وامان کی صورتحال کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے دیں۔

انہوں نے کہا کہ کارز، موٹر سائیکلز و دیگر گاڑیوں کی چوری اور چھیننے جانیکی وارداتوں پر کنٹرول کو یقینی بنایا جائے اور برآمد شدہ تمام گاڑیوں کو انکے حقیقی مالکان کی سپردگی میں دیا جائے۔

آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کہ ایس ایچ اوز پیٹرولنگ اور اسنیپ چیکنگ پلان پر عمل درآمدی اقدامات اپنی نگرانی اور علاقوں میں موجود رہتے ہوئے ممکن بنائیں تاکہ ڈکیتی، رہزنی ودیگر سنگین جرائم کے مرتکبین کو رنگے ہاتھوں گرفتار کیا جاسکے۔

انہوں نے مذید کہا کہ گھریلو ملازمین، ہوٹلز ملازمین کی رجسٹریشن کے عمل کو یقینی بنایا جائے۔

آئی جی سندھ کا کہنا تھا کہ منشیات، جوئے اور دیگر سماجی برائیوں کے اڈوں، انکے کارندوں اور سرپرستوں کے خلاف سخت اور مربوط ایکشن کو کامیاب اور نتیجہ خیز بنایا جائے۔

ان کا کہنا تھا کہ خواتین بچوں کے خلاف ہونیوالے جرائم سمیت اپنی شکایات یا مسائل کے حل کے لیئے تھانوں سے رجوع کرنیوالے شہریوں کی ایف آئی آرز کے اندراج میں کسی قسم کی تاخیر یا پس وپیش سے کام نہ لیا جائے۔فوری ایف آئی آرز درج کریں اور موثر تفتیش وتحقیق کی بدولت متاثرین کو انصاف کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔

اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی کراچی، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز سندھ، ڈی آئی جی ویسٹ، ڈی آئی جی فنانس، اے آئی جی آپریشنز بلیگل، کمپلین سیل کے علاوہ زون ویسٹ کے ضلعی ایس ایس پیز اور ایس ایس پیز انویسٹی گیشن نے شرکت کی۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔: